ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((308

مورخہ 02.06.24

**بہاولپور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے گزشتہ روز ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ کے ہمراہ پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے ایس ڈی ایس پی اوز، ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران، پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور جملہ محرران کے ساتھ میٹنگ کی۔مثل مقدمہ اور دیگر ریکارڈ کی ہر صورت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، پولیس اور پراسیکیوشن ملکر جرائم پیشہ عناصر کو انکے منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل پر عمل پیرا ہی، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی معیاری تفتیش سے متعلق احکامات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان نے گزشتہ روز ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ کے ہمراہ ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران، پراسیکیوٹرز اور جملہ محرران سے میٹنگ کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی اوز اپنے اپنے سرکل کے کرائم کنٹرول کے ذمہ دار ہیں۔ڈکیتی، چوری، اور دیگر کرائم میں بہترین گشت اور حکمت عملی کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کریں۔جبکہ تفتیشی افسران بروقت چالان مرتب کریں اور مثل مقدمہ کی تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جس تفتیشی آفیسر کا روڈ سرٹیفکیٹ پینڈنگ ہوا اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔پراسیکیوٹرز یہاں موجود ہیں ہمیں ان کے ساتھ مل کر بروقت چالان سینٹ اپ کرانے کے متعلق بہتر اور مشترکہ حکمت عملی پر عمل کرنا ہے۔محرران سے میٹنگ کرتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور نے تھانہ کے ریکارڈ کی مینوئل اور آن لائن تکمیل کے احکامات جاری کئے۔انہوں نے کہا کہ تھانے میں آنے والے سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنائیں۔میں ہر تھانے کی پراگریس اور ریکارڈ کو خود چیک کروں گا غفلت اور لاپرواہی برتنے والے متعلقہ افسران کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیس اور پراسیکیوشن ملکر جرائم پیشہ عناصر کو انکے منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل پر عمل پیرا ہیں۔میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید، ڈی ایس پی لیگل جام محمد محسن اونٹرا اور دیگر سٹاف بھی موجود تھا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان گزشتہ روز ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ کے ہمراہ پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے ایس ڈی ایس پی اوز، ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران، پراسیکیوٹرز اور جملہ محرران کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((309

02.06.24

## بہاول پور(    )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی  میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں